جنوری سے یہ ماہنامہ ادارۂ معارف اسلامی کے آرگن کی حیثیت سے شائع ہو رہا ہے۔ اس کے چار شمارے جو ہمارے سامنے آئے ہیں ان کا معیار بڑا بلند اور عمدہ ہے اور اسے دیکھ کر اس مجلے کے بارے میں بڑی روشن توقعات وابستہ کی جا سکتی ہیں۔ فاضل مدیر کے اداریتی نوٹ بڑے فکر انگیز اور معلومات افزا ہوتے ہیں

ISLAMIC IDEOLOGY AND ITS IMPACT ON OUR TIMES

(اسلامی آئیڈیالوجی اور ہمارے عہد پر اُس کے اثرات)

تالیف: پروفیسر محمود بریلوی صاحب۔
شائع کردہ: پوسٹ بکس نمبر ۵۲۹۴ کراچی نمبر
صفحات: ۳۸۰ - قیمت ۲۵ روپے

کتاب کے فاضل مصنف پروفیسر محمود بریلوی صاحب دنیائے اسلام میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں اُن کی کئی ایک تصنیفات علمی حلقوں سے خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں اسلام کے نظریۂ حیات اور اس نظریہ کے اخلاقی، معاشرتی، تعلیمی، سیاسی، قانونی اور معاشی مضمرات بڑے اختصار مگر قرینے سے بیان کیے گئے ہیں۔ پھر اسی حصے میں رجعت پسندی اور تجدد پسندی کے درمیان توازن قائم کرنے کی تلقین بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ اس میں اسلام میں عورتوں کی حیثیت، اسلامی تہذیب، اسلام کے مغرب پر اثرات اور مغرب کے مسلمان ممالک پر اثرات کے متعلق بھی بعض اچھے مباحث ملتے ہیں۔

دوسرے حصے میں مسلم ممالک کا مختصر سا جائزہ بھی موجود ہے۔

پوری کتاب ایک گہرے جذبے اور خلوص کی آئینہ دار ہے۔ اس کے سارے مندرجات سے تو اتفاق نہیں کیا جا سکتا لیکن یہ بات یقیناً بہت زیادہ حوصلہ افزا ہے کہ انگریزی میں لکھنے والے کسی مصنف کی کتاب متوازن ہو اور اس کا پلڑا تجدد پسندی کی طرف جھکا ہوا نہ ہو۔ فاضل مصنف نے مسلم قوم کے مسائل حل کرنے کے لیے قرآن و سنت کی طرف رجوع اور ائمہ سلف کی تصریحات کو ضروری سمجھا ہے۔ پھر انہوں نے ملت اسلامی کے اندر قوم پرستی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کی بھی بڑی دیدہ دری سے نشاندہی کی ہے اور امت کو ان کے خطرناک نتائج سے آگاہ کیا ہے۔